AKASHVANI NEWS SRINAGAR

Text of Urdu News Bulletin
Dated : 29 October 2026
Time : 09:25 / AM

آداب

یہ آکاشوانی سرینگر ہے۔
خبروں کا بلیٹن لیکر میں بصارت گُل۔

قلمدان

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے آئین کے تحت حاصل اختیارات کا استعمال کرتے ہوئے جموں وکشمیر کے کابینی وزراء کو قلمدان تفویض کیے ہیں۔اس سلسلے میں لوک بھون سرینگر کی جانب سے جاری ایک حکمنامے کے مطابق نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری کو تعمیرات عامہ، صنعت وحرفت، محنت و روزگار اور سکل ڈیولپمنٹ کے محکمے سونپے گئے ہیں۔علی محمد ساگر مال ،بجلی ،قانون ،انصاف اور پارلیمانی امور، **DMRRR** اور الیکشن محکموں کے وزیر ہوں گے۔سکینہ مسعود ایتو کو صحت وطبی تعلیم اور سماجی بہبود محکموں کا وزیر مقرر کیا گیا۔جاوید احمد رانا کو خوراک ،شہری رسدارت و امور صارفین ،قبائلی امور اور ٹرانسپورٹ محکموں کا قلمدان سونپا گیا ہے۔جاوید احمد ڈار زراعت ،فائنانس ،کان کنی اور کواپریٹیو محکموں کے وزیر ہوں گے۔میر سیف اللہ منصوبہ بندی ،نگرانی وترقی ، کلچر ،امور نوجوان وکھیل کود اور **ARI & Trainings** محکموں کے وزیر ہوں گے۔شمیم فردوس کو اسکولی تعلیم، اعلیٰ تعلیم اور جل شکتی محکموں کا قلمدان دیا گیا ہے۔الطاف احمد وانی جنگلات وماحولیات اور دیہی ترقی وپنچائتی راج محکموں کے وزیر ہوں گے۔باقی سب محکمے وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ کے پاس رہیں گے۔

LG

لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا نے کہا ہے کہ اس برس **11** اپریل سے چلائی گئی **100** روزہ ''ڈرگ

فری جموں وکشمیر مہم“ کے خاطر خواہ نتائج سامنے آئے ہیں ۔اس مہم کو کامیاب بنانے میں سپیشل سیکورٹی فورس **SSF** کے رول کا اعتراف کرنے کی غرض سے سرینگر میں منعقد کی گئی ایک تقریب پر اظہار خیال کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ یہ مہم سماج میں منشیات کے مضر اثرات سے متعلق بیداری پیدا کرنے میں ایک بدلاؤ کا باعث ثابت ہوئی ۔ایل جی اس سلسلے میں مذکورہ فورس کے افسروں اور جوانوں کی عزت افزائی کرتے ہوئے انہیں اعزازات سے نوازا۔واضح رہے کہ اس مہم کے دوران جموں وکشمیر کے سبھی **20** اضلاع میں پد یاترائیں نکالی گئیں تھیں ،جن کی قیادت لیفٹیننٹ گورنر نے خود کی تھی ۔

LG وفد

اکھل بھارتیہ ودیارتھی پریشد کے زونل آرگنائزنگ سیکرٹری گوروا تری کی سربراہی میں پریشد کے ایک وفد نے سرینگر میں لیفٹیننٹ گورنر منوج سنہا کے ساتھ ملاقات کی ۔وفد کے ارکان نے خواتین کو بااختیار بنانے سے متعلق پریشد کی سرگرمیوں کے بارے میں ایل جی کو جانکاری دی ۔اس موقعے پر ”مشن ساہسی“ کے پوسٹر کی رسم اجرائی بھی انجام دی گئی ۔

انڈسٹریل اسٹیٹ

جموں وکشمیر سرکار نے یوٹی میں صنعتی ڈھانچے کو مزید فروغ دینے اور نوجوانوں کیلئے روزگار کے وسائل پیدا کرنے کی خاطر گاندربل ضلعے میں بارسو کے مقام پر نئے انڈسٹرئیل اسٹیٹ کے قیام کو منظوری دی ہے ۔وزیر اعلیٰ عمر عبداللہ نے اس فیصلے کو جموں وکشمیر کی ترقی کی سمت میں ایک حوصلہ افزا اقدم قرار دیا ہے ۔اس پروجیکٹ کی عمل آوری پر **17** کروڑ **24** لاکھ روپے کی لاگت آنے کا اندازہ ہے ۔وزیر اعلیٰ کے دفتر نے ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں کہا ہے کہ اس صنعتی بستی کو تمام تر جدید سہولیات سے لیس کیا جائے گا اور یہ پروجیکٹ جموں وکشمیر کی سماجی واقتصادی ترقی میں ایک اہم رول ادا کرے گا۔

Dy CM

نائب وزیر اعلیٰ سریندر کمار چودھری نے ادھمپور ضلعے کے مختلف علاقوں کا دورہ کرکے وہاں جاری ترقیاتی سرگرمیوں کا جائزہ لیا۔انہوں نے کچھ پروجیکٹوں کے کام کی سست رفتاری پر ناراضگی کا اظہار کرتے ہوئے متعلقہ محکموں کو ان کاموں میں سرعت لانے کی ہدایت دی۔نائب وزیر اعلیٰ نے پروجیکٹوں کی بروقت تکمیل کیلئے اضافی افرادی قوت کو کام پر لگانے کی ضرورت اجاگر کی۔

ایڈوائزری

سرکار نے دربار موکے سلسلے میں سرینگر جموں قومی شاہراہ پر ٹریفک کی بلاخلل آواجائی کو یقینی بنانے کیلئے شاہراہ پر مال بردار گاڑیوں کی نقل وحمل پر عارضی پابندی عائد کردی ہے۔تفصیلات کے مطابق **31** اکتوبر اور یکم نومبر کو کسی بھی مال بردار گاڑی کو ادھمپور سے سرینگر آنے کی اجازت نہیں ہوگی،تاہم قاضی گنڈ سے جموں جانے والی بڑی گاڑیوں کو ایک منظم طریقے پر چلنے کی اجازت دی جائے گی۔کھانے پینے کی تازہ اشیاء اور لائیو اسٹاک لانے والی گاڑیوں کے مالکان اور ڈرائیوروں سے اس ایڈوائزری پر عمل کرنے کیلئے کہا گیا ہے۔

دربارمو

واضح رہے کہ دربار مو تقریباً **150** سال پرانی روایت ہے جس کے تحت سرکاری دفاتر موسم سرما کے دوران جموں میں اور گرما کے دوران سرینگر میں کام کرتے ہیں۔اس برس سرکاری دفاتر جموں منتقلی کے بعد **2** نومبر کو وہاں معمول کا کام کاج شروع کریں گے۔

Tobacco

جموں وکشمیر میں **Tobacco** فری یوتھ مہم کے تحت مختلف پروگراموں کا انعقاد جاری ہے۔**60** روز تک جاری رہنے والی اس مہم کے پہلے روز کل یوٹی کے تمام اضلاع میں بیداری پروگراموں کا انعقاد کیا گیا۔

سائکل ریس

جموں وکشمیر پولیس کی طرف سے آج صبح "Pedal Through Paradise" کے موضوع سے ایک سائیکل ریس کا اہتمام کیا گیا۔ یہ ریس لِلت گھاٹ سے فورشور روڑ کے راستے ناگہ بل چوک تک اور لِلت گھاٹ سے ہارون براستہ شالیمار منعقد کی گئی۔

درجہ حرارت

سرینگر میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 4 اعشاریہ 3 ڈگری جبکہ جموں میں رات کا کم سے کم درجہ حرارت 14 اعشاریہ 1 ڈگری سیلسیس ریکارڈ کیا گیا۔

Closing

اس کے ساتھ ہی خبروں کا یہ بلیٹن ختم ہوا۔

اجازت دیجئے۔ خدا حافظ۔